کیا آپ کو سینڈ ویل کونسل (Sandwell Council) کی طرف سے کوئی خط موصول ہوا ہے؟

برائے مہربانی اسے احتیاط سے چیک کریں اور اگر ضرورت ہو تو جواب دیں۔

Sandwell
Metropolitan Borough Council

کونسل ہر سال یہ جاننے کے لیے کہ وہاں کون رہتا ہے ہر خاندان کو خط ارسال کرتی ہے۔ اسے سالانہ کینوس کہا جاتا ہے۔ ہم ایسا اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کرتے ہیں کہ ہر وہ شخص جو ووٹ ڈالنے کا اہل ہے وہ ووٹ ڈالے۔

اگست میں ہر خاندان کو خط بھیجے گئے تھے۔

جو خط ہم نے آپ کو بھیجا ہے اسے برائے مہربانی بہت غور سے پڑھیں یا کسی سے اپنے لیے اسے پڑھنے کو کہیں۔ اگر خط میں کہا گیا ہے کہ آپ کے لیے اس خط کا جواب دینا لازمی ہے تو یہ ایک قانونی تقاضا ہے کہ آپ اس کا جواب دیں۔

اگر ہمارے پاس موجود خاندان سے متعلق معلومات درست ہیں تو بیشتر لوگوں کو اس خط کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

خط میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں اور اگر تفصیلات غلط ہیں یا اگر خط کے بقول آپ کے لیے جواب دینا لازمی ہے تو آن لائن، بذریعہ ٹیکسٹ، بذریعہ فون یا بذریعہ ڈاک جواب دیں۔

اگر خط کے بقول آپ کے لیے جواب دینا لازمی ہے اور ہمیں آپ کی طرف سے کوئی جواب نہیں ملتا ہے تو ہم ایک یاددہانی بھیجیں گے۔

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ جواب دیں ہم آپ کو کال بھی کر سکتے ہیں یا آپ سے ملاقات کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے یا آپ کو یقین نہیں ہے کہ آپ کے پاس خط موجود ہے، تو آپ الیکشن ٹیم سے

0121 569 3244 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا

electoral_services@sandwell.gov.uk پر ای میل کر سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات: **www.sandwell.gov.uk/annualcanvass**

Sandwell
Metropolitan Borough Council